پاک و ہند میں پہلی مرتبہ عربی سے اردو میں منتقل کی گئی ہے

تاریخ الیعقوبی

دوم

تالیف

أحمد بن أبي يعقوب بن جعفر بن وهب ابن واضح

ترجمہ

مولانا اختر فتحپوری

نفیس اکیڈمی
اردو بازار، کراچی

تاریخ
الیعقوبی

حصّہ دوم

فہرست عنوانات

اس نے پوچھا آج شب تمہارے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے، انھوں نے کہا، نہیں، اس نے کہا، اے گروہِ قریش قسم بخدا وہ تم سے چوک گیا ہے اور فلسطین میں ایک بچہ پیدا ہوا ہے جس کا نام احمد ہے جس کے سیاہی مائل باز کے رنگ کی مانند ایک تل ہے اس سے اہل کتاب کی ہلاکت ہو گی اور ابھی وہ اسی جگہ پر تھے کہ انہیں بتایا گیا کہ آج شب عبداللہؓ بن عبدالمطلب کے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے، پس وہ شخص گیا حتی کہ اس نے اُسے دیکھا پھر کہنے لگا خدا کی قسم یہ وہی ہے اہل کتاب کی ہلاکت اس سے ہو گی اور جب اس نے اس کی بات کی سماعت سے قریش کی خوشی کو دیکھا تو کہنے لگا خدا کی قسم وہ تم پر ایسا حملہ کرے گا جس کے متعلق اہل مشرق و مغرب باتیں کریں گے اور آمنہ بنت وہب سے عبداللہؓ بن عبدالمطلب کا نکاح زمزم کی کھدائی کے دس سال بعد ہوا اور بعض کا قول ہے بارہ چودہ سال بعد ہوا اور عبدالمطلب کے اپنے بیٹے کے فدیہ دینے کے درمیان اور اس کی تزویج کے درمیان ایک سال کا عرصہ تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے باپ عبداللہؓ کا نام عبدالدار تھا اور بعض کا قول ہے کہ آپ کا نام عبد قصی تھا اور جب آپ اس سال میں تھے جب آپ کا فدیہ دیا گیا تو عبدالمطلب نے کہا یہ عبداللہؓ ہے اور اسی روز آپ کا یہ نام رکھا اور جعفر بن محمد کی روایت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے باپ کی تزویج اور آپ کی پیدائش کے درمیان دس ماہ کا عرصہ تھا اور بعض کا قول ہے کہ ایک سال آٹھ ماہ کا عرصہ تھا۔

اور آپ کی والدہ سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے کہا کہ جب میں نے آپ کو جنا تو میں نے دیکھا کہ ایک نور مجھ سے نکل کر بلند ہوا ہے حتی کہ اس نے مجھے خوفزدہ کر دیا اور میں نے ان چیزوں میں سے کوئی چیز نہ دیکھی جسے عورتیں دیکھتی ہیں۔

اور جعفر بن محمد کی روایت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد عبداللہ بن عبدالمطلب نے آپ کی پیدائش کے دو ماہ بعد وفات پائی اور بعض کا قول ہے کہ وہ آپ کی پیدائش سے قبل ہی وفات پا گئے تھے اور یہ قول درست نہیں کیونکہ اجماع اس بات پر ہے کہ وہ آپ کی پیدائش کے بعد فوت ہوئے ہیں اور بعض دوسروں نے بیان کیا ہے کہ وہ آپ کی پیدائش سے ایک سال بعد فوت ہوئے ہیں اور عبداللہ کی وفات مدینہ میں اپنے باپ کے ماموؤں بنی النجار کے پاس ایک گھر میں ہوئی جو دارالنابغہ کے نام سے مشہور ہے اور وفات کے وقت آپ کی عمر ۲۵ سال تھی۔

اور آپ نے بنی سعد بن بکر بن ہوازن میں دودھ پیا اور عبدالمطلب نے آپ کو حلیمہ بنت ابی ذویب السعدی کے خاوند الحارث بن عبدالعزیٰ بن رفاعۃ السعدی کے سپرد کر دیا تھا اور آپ بنی سعد ہی میں مقیم رہے وہ اپنے نفوس و اموال میں آپ سے برکت دیکھتے تھے حتیٰ کہ آپ کے ساتھ وہ واقعہ ہوا کہ ایک مرد کی صورت میں آپ کے پاس ایک آنے والا آیا اور اس نے آپ کا پیٹ چاک کیا اور اسے اندر سے دھویا پس انہیں آپ کے متعلق خوف ہوا اور انہوں نے آپ کو آپ کے دادا عبدالمطلب کی طرف واپس کر دیا اس وقت آپ کی عمر پانچ سال تھی اور بعض کا قول ہے کہ چار سال تھی حالانکہ آپ فطرت و قوت کے لحاظ سے دس سال کے لگتے تھے۔

اور آپؐ کی والدہ آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ نے اس وقت وفات پائی جب آپ چھ سال تین ماہ کے تھے اور ان کی عمر تیس سال تھی اور ان کی وفات مکہ اور مدینہ کے درمیان الابواء مقام پر ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب آپ کی کفالت کرتے تھے اور عبدالمطلب ان دنوں قریش کے معزز سردار تھے اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ شرف دیا تھا جو اس نے کسی کو نہ دیا تھا اور آپ کو زمزم اور ذوالھرم سے پانی پلایا اور